## الطاف حسین کا صدر مملکت آصف علی زرداری سے ٹیلی فون پر رابطہ

## ایم کیوایم ملک کی سلامتی وبقاءاورعوام کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے حکومت کے مثبت اقدامات کی حمایت کرتی رہے گی،الطاف حسین

## کسی بھی ایشو پراتحادی جماعتوں کے درمیان اختلافات جمہوریت کا حسن ہیں،صدر آصف زرداری

## دونوں رہنماؤں کے درمیان صوبائی خودمختاری، 17ویں ترمیم، 58-2B کے ایشو کے علاوہ باہمی دلچسپی دیگر امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا

لندن۔۔۔7،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری سے ٹیلی فون پر گفتگو کی ۔دونوں رہنماؤں کے درمیان ملک کی مجموعی سیاسی ومعاشی صورتحال اور دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔گفتگو میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ ایم کیوایم اور پیپلز پارٹی مل جل کر پاکستان میں جمہوریت کے فروغ، جمہوری اداروں کی ترقی اورعوام کی فلاح وبہبود کیلئے اپنا کردارادا کرتی رہیں گی۔صدر آصف زرداری نے این آر او کے مسئلہ پر ایم کیوایم کے اصولی مؤقف کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی ایشو پر اتحادی جماعتوں کے درمیان اختلافات جمہوریت کا حسن ہیں۔انشاءاللہ ہم سب مل کرعوام کی عملی خدمت کریں گے۔جناب الطاف حسین نے صدر آصف زرداری سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم جمہوریت پسند جماعت ہےاور ملک میں جمہوریت کا فروغ چاہتی ہے۔ایم کیوایم ملک کی سلامتی وبقاءاورعوام کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے حکومت کے مثبت اقدامات کی حمایت کرتی رہے گی۔دونوں رہنماؤں کے درمیان صوبائی خودمختاری، 17ویں ترمیم، 58-2B کے ایشو کے علاوہ باہمی دلچسپی دیگر امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

## مخیّر حضرات گلگت بلتستان الیکشن فنڈ میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں،الطاف حسین کی اپیل

لندن:۔۔۔07،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام بالخصوص مخیّر حضرات سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ گلگت بلتستان الیکشن فنڈ میں بڑھ چڑھ کر تعاون کریں۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان کی واحد جماعت ہے جوغریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھتی ہےاوراپنے تمام اخراجات عوامی عطیات سے ہی پوری کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم گلگت بلتستان میں ہونے والے انتخابات میں بھرپور حصہ لے رہی ہے تاکہ ملک میں غریب ومتوسط طبقہ کی تعلیم یافتہ قیادت متعارف کراسکےاور ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ کلچراور موروثی سیاست کا خاتمہ کرسکے۔انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان میں ہونے والے انتخابات کے سلسلے کو ایم کیوایم کو انتخابی اخراجات، دوردراز علاقوں سے ووٹوں کو پولنگ اسٹیشنوں پر لانے کیلئے گاڑیوں اور دیگر اخراجات کے سلسلے میں شدید مالی مشکلات کا سامنا ہے۔جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام بالخصوص مخیّر حضرات سے پرزور اپیل کی کہ وہ ماضی کی طرح اس مرتبہ بھی ایم کیوایم کا بھرپور ساتھ دیں اور گلگت بلتستان فنڈ میں بڑھ چڑھ کر تعاون کریں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ عوام اور مخیّر حضرات گلگت بلتستان فنڈ کے سلسلے میں اپنے عطیات اکاؤنٹ نمبر **4531-8**،الائیڈ بینک، دستگیر برانچ میں جمع کراسکتے ہیں،مزید معلومات کیلئے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیزآباد کے فون نمبر **021-36313690**،**021-36329900** پر بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

## حق پرست ارکان قومی اسمبلی اور نامزد امیدواروں کا گلگت میں مختلف مارکیٹوں کا دورہ

گلگت:۔۔۔07،نومبر 2009ء

گلگت بلتستان کی قانون ساز اسمبلی کے 12 نومبر کو ہونے والے عام انتخابات کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست نامزد امیدواروں کی انتخابی اپنے عروج پر ہے۔متحدہ قومی موومنٹ کے مرکزی ومقامی رہنماءاور حق پرست امیدواروں کی جانب سے بڑے بڑے انتخابی جلسے، کارنر میٹنگز کے انعقاد، انتخابی دفاتر کے افتتاح اورعوامی رابطہ مہم پورے جوش وخروش کے ساتھ جاری ہے۔گزشتہ روزعوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالوسیم وصلاح الدین،صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی جوائنٹ انچارج یاور جمیل، چانداور ایم کیوایم بلتستان کے آرگنائزر ہدایت علی نے NLI مارکیٹ اور مدینہ مارکیٹ سمیت گلگت کے مختلف چھوٹے بڑے اورتجارتی مقامات اور مارکیٹوں کا دورہ کیا انہوں نے اس موقع پر دکانوں سے فرداًفرداً ملاقات اوران تک قائد تحریک جناب الطاف حسین کا پیغام اورایم کیوایم کا منشور پہنچایا یہاں گفتگو کرتے ہوئے ایم کیوایم کے رہنماؤں نے کہا کہ گلگت بلتستان کےعوام گلگت بلتستان سمیت ملک بھر میں رائج فرسودہ اور جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے 12 نومبر کو اپنے گھروں سے نکل آئیں اور بھارت تعداد میں ووٹ دیکر پرحق ست امیدواروں کو کامیابی سے ہم کنار کریں۔حق پرست امیدوار کامیب ہونگے تو گلگت بلتستاان میں تبدیلی آئے گی اور یہاں بھی کراچی اور حیدرآباد جیسے

ترقیاتی منصوبے کرائے جائیں گے۔ایم کیوایم ذمہ داران نے متحدہ قومی موومنٹ کے تاریخی جلسے کو اپنی شرکت سے کامیاب بنانے پر عوام کا قائد تحریک جناب الطاف کی جانب سے شکریہ ادا بھی کیا۔

## الطاف حسین کا فکر وفلسفہ اور نظریہ انسانیت کی بلاتفریق عملی خدمت ہے،علامہ اطہر حسین نقوی

## گلگت میں پہاڑ کی چوٹی پر واقع علاقہ داس میں منعقدہ اجتماع سے خطاب

گلگت۔۔۔7،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ علماء کمیٹی کے وفد میں شامل عالم دین علامہ اطہر حسین نقوی نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ اور نظریہ بلاتفریق انسانیت کی عملی خدمت ہے اور جو انسانیت کی خدمت کو عبادت سمجھ کر انجام دے وہ غلط ہو ہی نہیں سکتا۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز گلگت میں پہاڑ کی چوٹی پر واقع علاقہ داس میں ایک بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر انہوں نے علاقہ داس میں ایم کیوایم کے دفتر کا افتتاح بھی کیا اور علاقہ کے لوگوں کو حق پرستی کا پیغام پہنچنے پر مبارکباد دی۔اپنے خطاب میں علامہ اطہر حسین نقوی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین تمام مسالک اور عقائد کے ماننے والوں کا احترام کرتے ہیں اور ان کے درمیان مذہبی رواداری اور ہم آہنگی کو فروغ دے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے اور اس کے منتخب نمائندگان بھی غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ عوامی خدمات کو ایم کیوایم کے منتخب نمائندگان اپنا فرض سمجھ کر انجام دیتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے روشن مستقبل کیلئے حق پرست قیادت کی کامیابی ضروری ہے لہٰذا 12 نومبر کو ہونے والے انتخابات میں عوام حق پرست امیدواران کو بھاری اکثریت سے ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔بعدازاں علامہ اطہر حسین نقوی نے تیسی کے علاقے میں مرکزی امام بارگاہ کے علامہ مولانا نجات حسین نجفی سے ملاقات کی اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کا پیغام پہنچایا۔

## گلگت بلتستان کے انتخابات میں ایم کیوایم کے نامزد حق پرست امیدواروں کی مکمل حمایت کرتے ہیں،شیعہ علماء کرام کا اعلان

## نامزد حق پرست امیدواروں کو کامیاب کرانے کی اپیل

کراچی(اسٹاف رپورٹر)

کراچی میں مقیم گلگت و بلتستان سے تعلق رکھنے والے جید شیعہ علماء کرام اور دینی رہنماؤں نے گلگت بلتستان کی قانون ساز اسمبلی کیلئے 12 نومبر 2009ء کو ہونے والے انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدواروں کی مکمل حمایت کا اعلان کیا ہے اور وہاں کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ نامزد حق پرست امیدواروں کو زیادہ سے زیادہ ووٹ دیکر کامیاب کریں۔حق پرست نامزد امیدواروں کی اس حمایت کا اعلان مسجد وامام بارگاہ نور ایمان ناظم آباد میں مسلم قومی موومنٹ پاکستان کے زیراہتمام کراچی کے حق پرست ٹاؤن ناظمین کے اعزاز میں ہونے والی تقریب پذیرائی وتقسیم اسناد میں کیا گیا۔اس موقع پر صوبائی وزراء عبدالحسیب، خالد عمر اور نثار پہنور، ایم کیوایم کے علماء کمیٹی ذمہ داران و ارکان اور مختلف ٹاؤن کے ناظمین کے علاوہ علماء کرام علامہ مرزا یوسف بیگ، علامہ ماجد رضا عابدی، مولانا اکبر علی، مولانا سکندر علی شکری، مولانا علی حیدر، مولانا محمد حسن شریفی، مولانا محمد علی حیدری، آغا نجشی، علامہ جواد نوری، مولانا خاقان مشتاق علی بھی موجود تھے۔ان علماء نے اسٹیج پر کھڑے ہو کر اور اپنے ہاتھ بلند کر کے متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدواروں کا نام لیکر ان کی باقاعدہ حمایت کا اعلان کیا۔اس سے قبل مسلم قومی موومنٹ کی جانب سے کراچی کے مختلف ٹاؤنوں میں شاندار اور بے مثال کارکردگی پیش کرنے اور انہیں ترقی یافتہ بنانے کے اعتراف کے طور پر حق پرست ٹاؤن ناظمین، جاوید احمد، اختر حسین، اوسامہ قادری، ممتاز حمید، عارف خان ایڈوکیٹ، کمال ملک اور اظہار احمد خان کے اعزاز میں تقریب پذیرائی منعقد کی گئی اور انہیں حضرت علیؑ کے خطبات پر مشتمل کتاب ''نہج البلاغہ'' اور اعزازی سند پیش کی گئی۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر اوقاف عبدالحسیب نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ٹاؤن ناظمین نے نہ صرف شہر کی خدمت کی ہے بلکہ کراچی میں اتحاد بین المسلمین کے قیام کیلئے بھی عظیم جدوجہد کر کے اس میں کامیابی حاصل کی ہے۔قائد تحریک کا یہ کام قیامت تک کیلئے محفوظ ہے اور انہیں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ حق کو پھیلنا ہے اور سنت حسین ہے۔پورے پاکستان میں بہت جلد حق پرستی کا سورج پوری آب وتاب کے ساتھ جگمگائے گا۔حق کا انقلاب جلد آنے والا ہے، ملک میں جلد شریعت محمدیؐ نافذ ہوگی اور طالبان کا خودساختہ نظام اپنے انجام کو پہنچنے والا ہے۔جاوید احمد نے کہا کہ مسلم موومنٹ پاکستان اور مرزا یوسف حسین نے کراچی سے فرقہ وارانہ فسادات کی روک تھام اور اتحاد بین المسلمین کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کا ساتھ دیا ہے اور آج بھی دے رہے ہیں۔مسلم موومنٹ پاکستان کے سربراہ مرزا یوسف حسین نے کہا کہ سٹی ناظم مصطفیٰ کمال نے پورے ملک ہی نہیں پورے

دنیا میں ملک کا نام روشن کیا ہے۔ سٹی ناظم مصطفیٰ کمال الطاف حسین کا حسن انتخاب ہے، جس نے کراچی کا نقشہ ہی بدل کر رکھ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان میں اس سے قبل کسی موقع پر اتنی انتخابی گہما گہمی نہیں رہی جیسی کے اب ہے اور اس کی وجہ وہاں اب ایم کیو ایم کا موجود ہونا ہے۔ گلگت بلتستان کے انتخابات میں ایم کیو ایم نے 20 حق پرست امیدوار نامزد کیے ہیں جن کی ہم مکمل حمایت کرتے ہیں۔ کیونکہ الطاف حسین گلگت بلتستان میں نئی قیادت لانا چاہتے ہیں، کئی نشستوں پر ایم کیو ایم کی فتح یقینی ہے۔ اس سے قبل تقریب کے میزبان مقصود عالم ہمایوں نے بھی جناب الطاف حسین کی قیادت، سٹی ناظم اور ٹاؤن ناظمین کی خدمات پر انہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا

## ایم کیو ایم کے تحت گلگت کے اضلاع خومر، جلگوٹ، رؤندو میں مفت طبی کیمپس کا انعقاد

## امراض جلد و سینہ، نزلہ، زکام، کھانسی اور بخار میں مبتلا 1246 مریضوں کو مفت ادویات کی فراہمی

## استفادہ کرنے والوں کی جانب سے قائد تحریک الطاف حسین کی درازی عمر و صحت وتندرستی کی دعائیں

گلگت۔۔۔7، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت جمعہ کو گلگت کے مختلف اضلاع خومر، جلگوٹ، رؤندو اور اس کے مضافات میں طبی کیمپس لگائے گئے۔ خدمت خلق فاؤنڈیشن اور میڈیکل ایڈ کمیٹی کے رضا کاروں نے طبی کیمپوں میں جو صبح نو بجے سے شام 6 بجے تک جاری رہے ان علاقوں کی رہائشی خواتین، نوجوانوں، بزرگوں اور بچوں کا تفصیلی معائنہ کیا اور امراض جلد، سینہ، نزلہ، زکام، کھانسی اور بخار میں مبتلا 1246 سے زائد مریضوں کو مفت ادویات فراہم کیں۔ طبی کیمپس میں ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی سے تعلق رکھنے والے جلدی امراض، آنکھوں، دانتوں اور ہڈیوں کے ماہر ڈاکٹروں اور جنرل سرجن نے خدمات انجام دیں۔ طبی کیمپوں کے انعقاد پر عوام نے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اور ان کی دارزی عمر اور صحت تندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے حلقہ 4 چھلت نگر کے حق پرست امیدوار حاجی حسن کی انتخابی مہم کے سلسلے میں کارنر میٹنگ اور ریلی کا انعقاد

## ایم کیو ایم سیاست میں جمہوری اقدار اور اصولوں کو پامال ہونے سے بچارہی ہے، مقررین کا خطاب

چھلت۔۔۔7، نومبر 2009ء

گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے حلقہ 4 چھلت نگر کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار حاجی حسن کی انتخابی مہم کے سلسلے میں چھلت نگر سے بڑی انتخابی ریلی نکالی گئی جو چھلت بالا کے چوک علمدار پر اختتام پذیر ہوئی۔ اس موقع پر بڑی کارنر میٹنگ منعقد ہوئی جس سے حق پرست امیدوار حاجی حسن، ایم کیو ایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن عابد زیدی، متحدہ علماء کمیٹی کے رکن ناصر یامین، علامہ شیخ سجاد کربلائی اور سابق مشیر وزیراعلیٰ سندھ حامد عابدی نے خطاب کیا۔ کارنر میٹنگ کے شرکاء نے 12 نومبر کو ہونے والے انتخابات میں حق پرست امیدواران کو بھاری اکثریت سے ووٹ دے کر کامیاب کرانے کا یقین بھی دلایا۔ کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ ایم کیو ایم کے ملک کی سیاست میں اہم کردار کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا، ایم کیو ایم ہی وہ واحد جماعت ہے جو سیاست میں جمہوری اقدار اور اصولوں کو نہ صرف پامال ہونے سے بچارہی ہے بلکہ سیاستدانوں کو مثبت سیاست اور جمہوری روایات پر عمل پیرا رہنے کیلئے جو بھی فیصلے کر رہی ہے اسے عوامی سطح پر سراہا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کا عملی نمونہ ہے کہ حق پرست منتخب نمائندگان کرپشن میں ملوث نہیں ہیں اور انہوں نے عوامی خدمت کو ہی اپنا شعار بنا رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے حق پرست امیدواران بھی کامیابی حاصل کرنے کے بعد مثبت اصلاحات کر کے نچلی سطح تک عوام کی خدمت کر کے ثابت کر دیں گے کہ وہ غریب و متوسط طبقے کے قیادت کے حق پرست سپاہی ہیں۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 12 نومبر کو ہونے والے انتخابات میں حق پرستوں کے انتخابی نشان پتنگ پر مہر لگائیں اور حق پرست امیدواران کو زیادہ سے زیادہ ووٹ دیکر کامیاب کرائیں۔

## الطاف حسین کا فکر و فلسفہ اور نظریہ فروغ پاچکا، اب گلگت بلتستان کی 60 سالہ محرومیوں کا ازالہ ہوگا

## ایم کیو ایم استور کے تحت پریشان چوک پر منعقدہ کارنر میٹنگ بڑے انتخابی جلسے میں تبدیل ہوگئی، انتخابی جلسے سے مقررین کا خطاب

استور۔۔۔7، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ استور کے زیر اہتمام گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے سلسلے پریشان چوک استور میں کارنر میٹنگ کا انعقاد کیا گیا جو نوجوانوں اور بزرگوں کی ہزاروں کی تعداد میں شرکت کے باعث بڑے انتخابی جلسے میں تبدیل ہوگئی۔جلسہ کے شرکاء ایم کیوایم کے پرچم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تصاویر اٹھائے ہوئے تھے۔ وہ پر جوش انداز میں ایم کیوایم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حق میں فلک شگاف نعرے بھی لگا رہے تھے۔انتخابی جلسہ سے ایم کیوایم استور کے آرگنائزر ظفر عباس، ایم کیوایم استور کے یونٹ انچارج منظور، جوائنٹ یونٹ انچارج عرفان حیدر اور ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے جوائنٹ انچارج مظاہر حسین نے خطاب کیا۔اپنے خطاب میں مقررین نے کہا کہ گلگت بلتستان میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ اور نظریہ فروغ پاچکا ہے، اب گلگت بلتستان کی 60 سالہ محرومیوں کا ازالہ ہوگا، ظالم اور مظلوم میں فرق کیا جائے گا اور مظلوموں کی دادرسی کیلئے حق پرست امیدواران اپنے جائز اختیارات استعمال کریں گے۔انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے بلند و بالا پہاڑوں اور خوبصورت وادیوں میں حق پرستی کے پرچم لہرارہے ہیں اور عوامی جوش وخروش حق پرست امیدواران کی 12 نومبر کے انتخابات میں کامیابی کی پیشگی نوید دے رہا ہے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ بار بار آزمائی ہوئی جماعتوں کو آزمانے کے بجائے اس بار حق پرست قیادت کو موقع دیں اور حق پرستوں کے انتخابی نشان پتنگ پر ہی مہر ثبت کریں۔

## ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔7،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر یونٹ 139 کے کارکن محمد شریف کی صاحبزادی محترمہ سمرین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## کیپٹن (ر) نصر اللہ کے بہیمانہ قتل میں ملوث دہشت گردوں کو قرار واقعی سزادی جائے، رابطہ کمیٹی سوگواران سے اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔7،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی کے علاقے شریف آباد میں مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں کیپٹن (ر) نصر اللہ کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا کہ سفاکانہ قتل کی واردات میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور انہیں قانون کے مطابق قرار واقعی سزادی جائے۔رابطہ کمیٹی نے کیپٹن (ر) نصر اللہ مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## کے ای ایس سی ٹیرف میں اضافہ واپس لیا جائے، حق پرست ارکان سندھ اسمبلی ٹیرف میں اضافہ کرکے عوام پر مزید بوجھ ڈال دیا گیا جو ناقابل برداشت ہے

کراچی۔۔۔7،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے نیپرا کی جانب سے کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کو ٹیرف میں 28 پیسے فی یونٹ اضافے کی منظوری دینے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس عمل کو شہریوں پر ظلم اور سراسر ناانصافی قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی کے شہری پہلے ہی بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا عذاب جھیل رہے ہیں اور اب کے ای ایس سی کے ٹیرف میں اضافہ کرکے عوام کے زخموں پر مزید نمک پاشی کا عمل کیا جارہا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ کے ای ایس سی کی انتظامیہ صارفین کے مسائل کو حل کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے اور اپنی نااہلی اور مجرمانہ غفلت کی ذمہ داری صارفین پر تھوپنے کی ناکام کوشش کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ عوام پہلے ہی بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، مہنگائی اور بیروزگاری سے تنگ آئے ہوئے ہیں اور ان پر کے ای ایس سی ٹیرف میں اضافہ کرکے مزید بوجھ ڈال دیا گیا ہے جو ناقابل برداشت ہے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ کے ای ایس سی

ٹیرف میں اضافہ فی الفور واپس لیا جائے، کے ای ایس سی کی مجرمانہ غفلت کا نوٹس لیا جائے اور عوام کے حالات مزید بگاڑنے کے بجائے کے ای ایس سی کی انتظامیہ کا قبلہ درست کیا جائے۔

## پی ٹی وی کے سینئر پروڈیوسر نصرت ٹھاکر کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔7،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے پاکستان ٹیلی ویژن کے سینئر پروڈیوسر نصرت ٹھاکر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ ( آمین )

## GBLA-19 کے امیدوار شیر بہادر مرحوم کا فاتحہ سوئم

گلگت۔۔۔7،نومبر 2009ء

گلگت بلتستان کے حلقہ GBLA-19 کے حق پرست امیدوار شیر بہادر مرحوم کا سوئم آج ان کے آبائی گاؤں گروغبر تحصیل بنیال ضلع گذر میں ہوا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی گئی اور مرحوم کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ فاتحہ سوئم کے اجتماع میں حق پرست سابق مشیر اطلاعات سندھ حامد عابدی، گلگت کے مختلف حلقوں سے نامزد حق پرست امیدواروں، صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج صلاح الدین و رکن ابواظہر چاند، گلگت بلتستان کے انچارج ہدایت علی، جوائنٹ انچارج گزن اور دیگر ذمہ داران نے شرکت کی اور مرحوم کی مغفرت اور ان کے بلند درجات کیلئے دعائیں کرتے ہوئے مرحوم کو خراج عقیدت پیش کیا۔

☆☆☆☆☆